2024-08-13

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

------------------------------------------------------------

1 سرکار وسیع تر صلاح مشورے کے بعد نشریاتی خدمات سے متعلق بل کا نیا مسودہ مرتب کرے گی۔ اِس سلسلے میں تجویزیں اور رائے حاصل کرنے کی آخری تاریخ بڑھا کر 15 اکتوبر کردی گئی ہے۔

2 اطلاعات ونشریات کی وزارت نے سبھی پرائیویٹ سیٹیلائٹ ٹی وی چینلس کو ایک ایڈوائزری جاری کرکے اُن سے کہا ہے کہ قدرتی آفات اور تباہی کے ویڈیو تاریخ اور وقت کے ساتھ دکھائیں۔

3 جموں وکشمیر پولیس نے کٹھوعہ-بانی-کشتواڑ علاقے میں حالیہ حملوں کیلئے مدد فراہم کرنے پر دہشت گردوں کے 9 ساتھیوں کو گرفتار کیا ہے۔

4 مدھیہ پردیش سرکار نے سبھی شہری علاقوں کے منتخب عوامی نمائندوں کیلئے اعزازیے میں 20 فیصد اضافے کا اعلان کیا ہے۔

5 بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے دو دن کے دوران ملک کے وسطی، شمال مشرقی اور جنوبی حصوں میں شدید بارش کے امکان کے مدنظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

6 اور Big Cricket League پرسار بھارتی کے ساتھ اشتراک کرکے لیگ کو فروغ دے گی۔

اب خبریں تفصیل سے۔

## I&B Draft Bill

اطلاعات و نشریات کی وزارت نے نشریاتی خدمات کو منضبط کرنے سے متعلق بل کے مسودے پر تجویزیں اور رائے حاصل کرنے کی تاریخ اِس سال 15 اکتوبر تک بڑھا دی ہے اور کہا ہے کہ تفصیلی صلاح مشورے کے بعد مذکورہ بل کا نیا مسودہ شائع کیا جائے گا۔

اِس بل کا مسودہ متعلقہ اداروں اور عام لوگوں کی رائے حاصل کرنے کیلئے وضاحتی نوٹ کے ساتھ پچھلے سال نومبر میں جاری کیا گیا تھا۔ وزارت نے کہا ہے کہ بل کے مسودے پر مختلف انجمنوں سمیت کئی حلقوں کی طرف سے مختلف سفارشات، تجویزیں اور رائے موصول ہوئیں-X

## I& B Advisory

اطلاعات ونشریات کی وزارت نے سبھی پرائیویٹ سیٹیلائٹ ٹی وی چینلس کو ایک ایڈوائزری جاری کرکے اُن سے کہا ہے کہ وہ قدرتی آفات کے ویڈیو، تاریخ اور وقت کے ساتھ دکھائیں۔ ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ جب بھی کوئی قدرتی آفت یا تباہی کا کوئی واقعہ پیش آتا ہے تو ٹی وی چینلس کئی دن تک لگاتار اس کی coverage کرتے ہیں لیکن اُس دن کی فوٹیج بار بار دکھاتے ہیں، جس دن یہ واقعہ پیش آیا تھا۔

وزارت نے کہا ہے کہ اِس سے ناظرین میں غیرضروری ابہام اور گھبراہٹ کی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ ٹی وی چینلس کو یہ صلاح دی گئی ہے کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائیں کہ اِس طرح کے واقعات کی تصویروں کے ساتھ تاریخ اور وقت کو نمایاں انداز سے دکھایا جائے تاکہ اِسے دیکھنے والوں میں کسی طرح کی غلط فہمی پیدا نہ ہو۔X

## J&K Terror Associates

جموں وکشمیر پولیس نے دہشت گردوں کے 9 ساتھیوں کو گرفتار کیا ہے، جو جموں ڈویژن کے سانبا-کٹھوعہ سیکٹر میں بین الاقوامی سرحد سے دراندازی کرکے بھارتی علاقے میں آنے والے پاکستانی دہشت گردوں کی مدد کررہے تھے اور اُنہیں اودھم پور، کھٹوعہ اور ڈوڈہ ضلعے کے پہاڑی علاقوں میں پہنچا رہے تھے۔ اِسے ایک بڑی کامیابی مانا جارہا ہے۔

اِس گروہ کے سرغنہ کی شناخت ہوگئی ہے۔ اُس کا نام محمد لطیف عرف حاجی لطیف بتایا گیا ہے۔ وہ کٹھوعہ کے Ambe Naal کا باشندہ ہے۔ وہ پاکستان سے دہشت گردوں کی دراندازی کے بعد اُنہیں کچے مکانوں میں پناہ لینے میں مدد کرتا تھا۔ پولیس کے ایک ترجمان نے بتایا کہ دہشت گردوں کو پناہ دینے کے معاملے میں پہاڑی علاقوں میں کچے مکان میں رہنے والے 50 افراد کے خلاف پولیس نے چھان بین کی، جو وہاں اپنے مویشیوں کو چَرانے کیلئے لاتے تھے۔ یہ لوگ غیرملکی دہشت گردوں کو کھانا، رہنے کی جگہ یا مواصلاتی مدد فراہم کرتے تھے۔ اِن میں سے کچھ لوگوں نے دہشت گردوں سے رقم بھی لی تھی۔ جن لوگوں نے بروقت پولیس کو مطلع کیا، انہیں بے قصور مانا جارہا ہے۔X

## Rev. MP Honorarium

مدھیہ پردیش سرکار نے سبھی شہری اداروں کے منتخب عوامی نمائندوں کیلئے اعزازیے میں 20 فیصد اضافے کا اعلان کیا ہے۔ ریاست کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے کہا ہے کہ اگلے مہینے سے سبھی میئرز، چیئرپرسن، وائس چیئرپرسن اور کونسلروں کو اِس اضافے سے فائدہ ہوگا۔ وہ کَل بھوپال میں خاتون عوامی نمائندوں سے متعلق دیوی Ahilyabai Holkar کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔

## FINAL -MOHAN YADAV -0818

وزیراعلیٰ نے کہا کہ مالی اعتبار سے خودکفیل بننے کیلئے شہری اداروں کی مدد کی خاطر خصوصی ترغیبات فراہم کی جائیں گی۔

ڈاکٹر موہن یادو نے کہا کہ جو میونسپلٹی اپنے ڈویژن میں ٹیکسوں اور فیس کے ذریعے اپنی آمدنی میں سب سے زیادہ اضافہ کرے گی، اُسے 2 کروڑ روپے ملیں گے، جبکہ میونسپل کونسل کو ہر سال ترغیبات کے طور پر 5 کروڑ روپے دیئے جائیں گے۔ اِس رقم کا استعمال عوامی نمائندے بنیادی ڈھانچے سے متعلق کام کیلئے کونسلر فنڈ کے طور پر کریں گے۔X

## Sanitary Napkins

مدھیہ پردیش سینیٹری نیپکنس کے لیے اسکولی بچیوں کو پیسے دینے والی پہلی ریاست بن گئی ہے۔ کرناٹک، راجستھان اور دلی جیسی کچھ ریاستوں میں طلبا کو مفت سینیٹری نیپکنس دیے جاتے ہیں، لیکن صرف مدھیہ پردیش میں ہی نقد پیسے دیے جا رہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

مدھیہ پردیش میں صفائی ستھرائی اور حفظانِ صحت سے متعلق اسکیم کے تحت ہر اسکولی بچی کے اکاؤنٹ میں ایک سال تک 300 روپے منتقل کیے جاتے ہیں۔ یہ رقم ساتویں جماعت سے بارہویں جماعت کے طلبا کو دی جاتی ہے۔ تقریباً 19 لاکھ طلبا کے کھاتوں میں 57 کروڑ 18 لاکھ سے زیادہ روپے منتقل کیے جا چکے ہیں۔ ایک حالیہ پروگرام میں طلبا سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے کہا کہ ایک بیٹی دس بیٹوں کے برابر ہے۔

مدھیہ پردیش کے سرکاری اسکولوں کے نصاب میں رانی درگا وتی کو شامل کیے جانے کا اعلان کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ رانی درگا وتی نے 51 جنگیں لڑیں اور سبھی میں فتح حاصل کی۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں........................

## Bhopal Sitharaman

بھوپال کے سائنسی تعلیم اور تحقیق سے متعلق قومی ادارے کی 11ویں تقسیم اسناد کی تقریب آج ہوگی۔ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اس تقریب میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود رہیں گی اور تقریب سے خطاب کریں گی۔ مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو بھی اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔x

## Govt. Model Solar Village

حکومت نے PM سوریا گھر مفت بجلی یوجنا کے تحت مثالی شمسی گاؤں یعنی Model Solar Village کے قیام کی خاطر طریقۂ کار سے متعلق رہنما اصول جاری کیے ہیں۔ نئی اور قابل تجدید توانائی کی وزارت نے کُل ایک بیان میں کہا کہ اِس اسکیم کے تحت ملک بھر کے ہر ضلعے میں ایک مثالی شمسی گاؤں قائم کرنے پر زور دیا جائے گا۔

وزارت نے کہا ہے کہ اِس کے لیے کُل 800 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

Direct Tax Collections

اس سال پہلی اپریل سے اِس مہینے کی 11 تاریخ تک براہِ راست ٹیکسوں کی مجموعی وصولیابی میں گزشتہ سال کی اِسی مدت کے مقابلے 23 اعشاریہ نو نو فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ 8 لاکھ 13 ہزار کروڑ روپے پہنچ گئی۔

انکم ٹیکس محکمے نے کہا ہے کہ پچھلے سال اسی عرصے کے دوران ٹیکسوں کی وصولیابی 6 لاکھ 55 ہزار کروڑ روپے رہی تھی۔X

EPFO

ملازمین کے پرووڈِنٹ فنڈ سے متعلق تنظیم (EPFO)آج EPF Transfer پر اپنا پانچواں براہِ راست سیشن منعقد کررہی ہے۔ اس سیشن کا مقصد مختلف خدمات کے بارے میں ممبروں اور پنشن حاصل کرنے والوں کو معلومات فراہم کرنا ہے۔ براہ راست اجلاس EPFO کے سرکاری سوشل میڈیا پلیٹ فارمس پر نشر کیا جائے گا۔

محنت اور روزگار کی وزارت نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ مذکورہ اجلاس میں EPF ٹرانسفر کی اہمیت اور اس کے عمل جیسے اُمور پر تبادلہئ خیال کیاجائے گا اور ماہرین کے ذریعہ شرکا کے سوالوں کا جواب دیا جائے گا۔X

Punjab High Yieding Crops

پنجاب میں کسانوں نے وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے 109 فصلوں کی اقسام جاری کئے جانے کا خیرمقدم کیا ہے، جو زیادہ پیداوار والی، آب و ہوا کی تبدیلی کا سامنا کرنے والی اور تغذیہ بخش ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C- Shishu Sharma

زراعت کے شعبے میں پنجاب کے کسانوں کی جو دین ہے، اُس کا کوئی مقابلہ نہیں ہے اور سبز انقلاب اِس کا ایک واضح ثبوت ہے۔ ریاست کے کسانوں کا کہنا ہے کہ وزیراعظم کی جانب سے زیادہ پیداوار والی 109 فصلوں کی اقسام جاری کرنا زرعی شعبے میں ایک انقلابی قدم ہے۔ اِس بارے میں ایک کسان کی بیٹی Shalu نے بھی اِس اقدام کو سراہا۔

Byte- Shalu

یہ بات طے ہے کہ پنجاب کے کسان اپنی زرعی آمدنی میں اضافے کیلئے اِن نئی اقسام سے بھرپور فائدہ حاصل کریں گے۔

جالندھر سے ششو شرما شانتل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شمیم عرفان

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات (IMD) نے ملک کے وسطی، شمال مشرقی اور جنوبی حصوں میں اگلے چار دن کے دوران شدید بارش کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

موسمیات کے محکمے کے مطابق راجستھان، اترپردیش اور شمال مشرقی بھارت کے زیادہ تر حصوں میں اگلے 7 دن تک دور دور تک شدید بارش ہوگی۔

آکاشوانی نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں آر کے Jenamani نے کہا کہ تمل ناڈو، رائل سیما، کیرالہ اور شمال مشرقی بھارت کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

S/B Jenamani

Namto Train Ticket

Indian Railway Catering and Tourism Corporation (IRCTC)

اور قومی راجدھانی خطے کی ٹرانسپورٹ کارپوریشن(NCRTC) نے انڈین ریلویز اور Namo Bharat ٹرینوں پر مسافروں کے سفر سے متعلق تجربے کو بڑھانے کے لیے "ایک بھارت ایک ٹکٹ" پہل کا مشترکہ طور پر آغاز کیا ہے۔ اس سے مسافر بآسانی منسوخی اور ادائیگی کے ساتھ IRCTC پلیٹ فارم کے ذریعہ نمو بھارت ٹکٹوں کی بکنگ کرا سکیں گے۔

IRCTC نے ایک بیان میں بتایا کہ مسافر نمو بھارت ٹرین کی ٹکٹ کے لیے منفرد QR کوڈ تشکیل دے سکتے ہیں۔

یہ کوڈ سفر کی تاریخ کے متبادل کے ساتھ تقریباً 4 دن تکValid رہے گا۔

نمو بھارت ٹکٹوں کو موجودہ ریلوے ریزرویشن Window سے 120 دن پہلے سے بُک کیا جا سکتا ہے۔

## Ambassador

سابق خارجہ سکریٹری ونئے موہن کواترا نے امریکہ میں بھارتی سفیر کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب کواترا نے کہا کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان اہم ساجھیداری کو مستحکم کرنے کیلئے سرگرمی کے ساتھ کام کرتے رہیں گے۔ جناب کواترا نے ترنجیت سنگھ Sandhu کی جگہ یہ عہدہ سنبھالا ہے۔X

## Trump

سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سوشل میڈیا پلیٹ فارم X پر واپس آگئے ہیں اور اُس کے مالک Elon Musk کے ساتھ ایک انٹرویو میں شامل ہوئے۔ تکنیکی خرابی کی وجہ سے یہ انٹرویو کچھ تاخیر سے شروع ہوا، جس کے بارے میں Elon Musk نے بتایا کہ بڑے پیمانے پر سائبر حملے کی وجہ سے ایسا ہوا۔ انٹرویو کے دوران جناب ٹرمپ نے اپنی حریف کملا ہیرس پر نکتہ چینی

کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ اُن کے دور میں سرحد پار کرکے آنے والے غیرقانونی تارکین وطن کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔ جناب ٹرمپ نے صدر جوبائیڈن پر نکتہ چینی کرتے ہوئے اُنہیں امریکہ کی تاریخ میں سب سے خراب صدر قرار دیا۔X

## Iran VP Resign

ایران کے نائب صدر محمد Javad ظریف نے اپنی تقرری کے محض گیارہ دن میں اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب ظریف نے کہا کہ وہ اپنے کام سے مطمئن نہیں تھے، جس میں انھیں سربراہ کی حیثیت سے ایران کی نئی انتظامیہ کے کابینی ارکان کو منتخب کرنا تھا۔ جناب ظریف کے مطابق نامزد کئے گئے 19 وزراء میں سے کم از کم 7 اُن کی پہلی پسند نہیں تھے۔

جناب ظریف نے کہا کہ اُن کا یہ پیغام ایرانی صدر مسعود پزشقیان کے ساتھ کسی مایوسی یا افسوس کی علامت نہیں ہے بلکہ اِس بات کا اِشارہ ہے کہ کلیدی امور کی خاطر نائب صدر کی حیثیت سے اُن کی خدمات کے بارے میں انھیں خدشات ہیں۔

جناب ظریف نے اِس بات پر زور دیا کہ انتخابی مہم کے دوران جناب پزشقیان کے بارے میں انھوں نے جو کچھ کہا تھا، اُنھیں اب بھی اُس پر پورا یقین ہے اور انھوں نے ایرانی عوام پر زور دیا کہ وہ نئے صدر اور اُن کی انتظامیہ کی حمایت کرنا جاری رکھیں۔x

## Big Cricket League

بِگ کرکٹ لیگ BCL، جو فرنچائز پر مبنی ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ مقابلہ ہے اُس نے قومی نشریاتی ادارے پرسار بھارتی کے ساتھ ایک تاریخی طویل مدتی معاہدہ کیا ہے، جس میں ابھرتے ہوئے مقامی کرکٹ کھلاڑیوں کو کرکٹ کے اپنے پسندیدہ کھلاڑیوں کے ساتھ کھیلنے کا موقع ملے گا۔ BCL کا افتتاحی ٹورنامنٹ اِس سال ستمبر میں لکھنو میں ہوگا۔

BCL کو ملک بھر میں DD اسپورٹس پر براہِ راست پر دکھایا جائے گا اور پرسار بھارتی اپنے نیٹ ورک پر بھی اِسے فروغ دے گا۔ بِگ کرکٹ لیگ کے پہلے ٹورنامنٹ کو 30 سے زیادہ ملکوں میں بین الاقوامی سطح پر نشر کیا جائے گا۔ اِس میں چھ ٹیمیں ہوں گی، جن میں Awadh Lions، Northern Challengers، Rajasthan Kings، Mumbai Marines، Southern Spartants اور Bengal Rhinos شامل ہیں۔لیگ کمشنر اور بھارت کے سابق کرکٹ کھلاڑی دلیپ وینگسرکر کی قیادت میں سرکردہ کرکٹ کھلاڑیوں کی ایک کونسل اِس لیگ کا انتظام دیکھے گی۔ بھارت کے گیند باز رُدر پرتاپ سنگھ BCL کے صدر اور ویسٹ انڈیز کے سرکردہ تیز گیند باز Courtney Walsh نائب صدر ہیں۔x

## Amit Shah Tiranga Yatra

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج شام احمدآباد میں ترنگا یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ گجرات کے وزیراعلیٰ بھوپندر پٹیل بھی اِس یاترا میں شامل ہوں گے۔ ہر گھر ترنگا مہم کے تحت

احمدآباد میونسپل کارپوریشن مشرقی احمدآباد میں وِراٹ نگر علاقے سے اِس یاترا کا اہتمام کررہی ہے۔ اِس کا مقصد لوگوں میں اتحاد اور ملک کی شان کے جذبے کو فروغ دینا ہے۔X

## CBC Exhibition

بھوپال کے سینٹرل بیورو آف کمیونیکیشن نے بھوپال کے Career کالج میں فوٹو نمائش کا اہتمام کیا ہے، جو Vibhajan Vibhishika یادگاری دن اور جدوجہد آزادی پر مبنی ہے۔ یہ نمائش عوام کیلئے دو دن کھلی رہے گی۔X

## Elephant Bhupendra Yadav

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے ملک میں انسانوں اور ہاتھیوں کے درمیان ٹکراؤ کو کم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ جناب بھوپیندر یادو نے کَل شام چھتیس گڑھ کی راجدھانی رائے پور میں ہاتھیوں کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ قومی سطح کے پروگرام کا افتتاح کیا۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے جناب یادو نے ہاتھیوں کے تحفظ اور انسانی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کی خاطر کثیر سطحی رابطوں کی ضرورت پر زور دیا۔

انھوں نے کہا کہ اگر ہم ہاتھیوں کا تحفظ کرتے ہیں تو جنگلات کا دائرہ بھی وسیع ہوگا، کیونکہ ایکو نظام میں ہاتھیوں کا اہم رول ہوتا ہے۔ پروگرام سے خطاب کے دوران مرکزی وزیرنے ہاتھیوں کے تحفظ کی خاطر بھارت کی جانب سے کی گئی کوششوں کو تفصیل سے اجاگر کیا۔

انھوں نے کہا کہ ہاتھیوں کے تحفظ کے سلسلے میں بھارت نے ایک قائدانہ رول ادا کیا ہے۔ چھتیس گڑھ کے وزیراعلیٰ وشنو دیو سائے اور ریاست کے جنگلات کے محکمے کے وزیر کیدار کشیپ بھی اِس موقع پر موجود تھے۔x

## Putin Zelanaky

روسی صدر ولادی میر پتن نے کہا کہ روس کے Kursk خطے میں یوکرین کا حالیہ حملہ امکانی امن مذاکرات سے پہلے کیف کی پوزیشن کو مضبوط کرنے اور روسی افواج کی نقل و حرکت کو کم کرنے کی ایک کوشش تھا۔ یوکرین کی فوج گذشتہ منگل کو روس کی سرحد کو پار کرنے میں کامیاب رہی تھی اور Kursk خطے کے علاقوں پر کنٹرول حاصل کرلیا تھا۔ صدر پتن نے یوکرین پر الزام لگایا کہ وہ مغربی مدد سے شہریوں اور نیوکلیائی مراکز کو نشانہ بنا رہا ہے۔ انھوں نے اس صورتحال میں بات چیت کے امکان پر سوال اٹھایا۔

اس دوران یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلینسکی نے کہا ہے کہ اب جنگ اُس مقام تک پہنچ گئی کہ جہاں روس یوکرین کے سرحد پار حملے کو اپنی سلامتی کے لیے ضروری قرار دے رہا ہے۔

انھوں نے کہا کہ یوکرین نے اُن علاقوں کا کنٹرول حاصل کرلیا ہے جہاں سے روس حملے کر رہا تھا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ارجمند علی خاں

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ نیشنل انسٹی ٹیوشنل رینکنگ فریم ورک 2024 کی کل جاری کی گئی درجہ بندی میں آئی آئی ٹی مدراس چھٹی مرتبہ ملک کا بہترین تعلیمی ادارہ، ٹاپ یونیورسٹیوں میں جامعہ ملیہ اسلامیہ تیسرے مقام پر، اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے پہلی بڑی خبر بنایا ہے۔

خارجہ سکریٹری وکرم مِسری کے نیپال کے 2 روزہ دورے کے دوران دونوں ممالک نے توانائی کی شراکت داری اور کنکٹوِٹی سمیت مختلف شعبوں میں منصوبوں کی عمل آوری کو بڑھانے پر زور دیا۔ اس خبر کو روزناہ ہندوستان ایکسپریس، انقلاب اور پرتاپ سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

بھارت اور سری لنکا کی مشترکہ فوجی مشق ”میتر شکتی“ کا 10 واں ایڈیشن سری لنکا کے آرمی ٹریننگ اسکول میں شروع ہونے کی خبر بھی کئی اخباروں کی سرخی ہے۔

بہار کے جہاں آباد ضلعے میں مندر میں بھگڈر مچنے سے 7 افراد کی موت اور دیگر 25 کے زخمی ہونے کی خبر بھی آج کے تقریباً سبھی اخباروں میں ہے۔

روزنامہ پرتاپ کی ایک خبر کے مطابق بھارت اور نیوزی لینڈ نے زراعت کے شعبے میں دو طرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کو مزید بڑھانے کے لیے نجی شعبے کی شراکت داری کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔

اس کے علاوہ روزنامہ راشٹریہ سہارا اور روزنامہ پرتاپ کے بین الاقوامی خبروں کے صفحے کی کچھ خبریں ہیں۔

- امریکہ نے مغربی ایشیا میں ایٹمی آبدوز کی تعیناتی کا حکم دیا۔
- سعودی عرب میں تیز بارش بارش کی وارننگ جاری۔
- ڈرون حملے سے روسی جوہری سلامتی کو کوئی خطرہ نہیں / آئی اے ای آئی
- اور: کابل میں بم دھماکے میں ایک شخص لاک اور 11زخمی

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 سرکار وسیع تر صلاح مشورے کے بعد نشریاتی خدمات سے متعلق بل کا نیا مسودہ مرتب کرے گی۔ اِس سلسلے میں تجویزیں اور رائے حاصل کرنے کی آخری تاریخ بڑھا کر 15 اکتوبر کردی گئی ہے۔

2 اطلاعات ونشریات کی وزارت نے سبھی پرائیویٹ سیٹیلائٹ ٹی وی چینلس کو ایک ایڈوائزری جاری کرکے اُن سے کہا ہے کہ قدرتی آفات اور تباہی کے ویڈیو تاریخ اور وقت کے ساتھ دکھائیں۔

3 جموں وکشمیر پولیس نے کٹھوعہ-بانی-کشتواڑ علاقے میں حالیہ حملوں کیلئے مدد فراہم کرنے پر دہشت گردوں کے 9 ساتھیوں کو گرفتار کیا ہے۔

4 مدھیہ پردیش سرکار نے سبھی شہری علاقوں کے منتخب عوامی نمائندوں کیلئے اعزازیے میں 20 فیصد اضافے کا اعلان کیا ہے۔

5 بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے دو دن کے دوران ملک کے وسطی، شمال مشرقی اور جنوبی حصوں میں شدید بارش کے امکان کے مدنظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

6 اور Big Cricket League پرسار بھارتی کے ساتھ اشتراک کرکے لیگ کو فروغ دے گی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------------------